پریس ریلیز

وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کی سرکاری ویب سائٹ کا اجراء

وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان (FCCP) نے اپنی سرکاری ویب سائٹ www.fccp.gov.pk کا باقاعدہ اجراء کر دیا ہے، جو عدالتی نظام میں شفافیت، رسائی اور ڈیجیٹل سہولیات کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

ویب سائٹ کا افتتاح معزز چیف جسٹس صاحب نے عدالت کے احاطے میں منعقدہ ایک پر وقار تقریب میں کیا، جس میں عدالت کے تمام معزز ججز صاحبان بھی موجود تھے۔

نئی ویب سائٹ جدید اور صارف دوست طرز پر تیار کی گئی ہے تاکہ سائلین، وکلاء، محققین اور عام شہریوں کو عدالت سے متعلق مستند اور بروقت معلومات فراہم کی جاسکیں۔ ویب سائٹ کے ذریعے عدالت کے دائرہ اختیار، بنچوں کی تشکیل اور عدالتی امور سے متعلق تفصیلات تک آسان رسائی ممکن ہو گی۔

ویب سائٹ کی نمایاں خصوصیات

ویب سائٹ پر درج ذیل سہولیات فراہم کی گئی ہیں:

- **آن لائن مقدمات کی تلاش (Case Search Facility)**
- **درخواستوں کی آن لائن جمع آوری** جن میں شامل ہیں:
- مصدقہ نقول (Certified Copies) کے لیے درخواست
- تاریخِ سماعت میں التواء (Adjournment) کی درخواست
- جلد سماعت (Early Hearing) کی درخواست
- **کازلسٹ کی بروقت اشاعت**
- **نوٹسز اور سرکلرز کی فراہمی**
- **اعداد و شمار اور ڈیش بورڈ** برائے عوامی آگاہی
- معزز ججز اور عدالتی انتظامیہ سے **متعلق معلومات**

یہ اقدام عدالت کے اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے عدالتی عمل کو مزید موثر، شفاف اور عوام دوست بنایا جائے۔ رجسٹرار وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان نے اس موقع پر کہا کہ یہ ویب سائٹ عدالتی خدمات کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے، جس سے سائلین اور وکلاء کو سہولت اور رہنمائی حاصل ہو گی۔

افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے معزز چیف جسٹس صاحب نے کہا کہ عدالتی نظام میں ڈیجیٹل جدت ناگزیر ہے اور اس سے نہ صرف شفافیت میں اضافہ ہو گا بلکہ عوام کو بروقت اور آسان سہولیات بھی میسر آئیں گی۔

وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان آئندہ مراحل میں مزید ڈیجیٹل سہولیات متعارف کرانے کے لیے پُر عزم ہے۔

PRESS RELEASE (Dated: 25-02-2026)

Launch of the Official Website of the Federal Constitutional Court of Pakistan

The Federal Constitutional Court of Pakistan (FCCP) has formally launched its official website, www.fccp.gov.pk, marking a significant step toward transparency, accessibility, and digital transformation in the judicial system.

The website was inaugurated by the Honourable Chief Justice in a formal ceremony held at the Court premises, in the presence of all Honourable Judges of the Federal Constitutional Court of Pakistan.

The newly launched website introduces a modern, user-friendly interface designed to facilitate litigants, advocates, researchers, and the general public. It provides comprehensive and up-to-date information about the Court, its jurisdiction, bench composition, and judicial functioning.

Key Features of the Website

The website offers a range of digital services and information resources, including:

- **Online Case Search Facility** for litigants and advocates
- **Applications** for:
  - Certified Copies
  - Adjournment Requests
  - Early Hearing Requests
- **Cause List Publication** with timely updates
- **Notices and Circulars** issued by the Court
- **Dashboard & Statistical Data** for public transparency
- Information about Judges, administration, and Court procedures

The introduction of these services reflects the Court's commitment to enhancing efficiency, reducing procedural delays, and improving public access to justice through the use of modern technology.

The Honourable Chief Justice, while inaugurating the website, emphasised the importance of digital innovation in strengthening institutional transparency and service delivery. The launch represents a foundational step toward a more responsive and technologically advanced judicial framework.

The Registrar of the Federal Constitutional Court stated that the initiative aligns with the Court's vision of providing accessible, structured, and reliable information to all stakeholders while facilitating procedural convenience for litigants and members of the Bar.

The Federal Constitutional Court remains committed to further strengthening digital services in the coming phases.